RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۶ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ فروری ۱۸۹۰ء مطابق ۱۹ جمادی الثانی ۱۳۰۷ھ جلد ۱

فہرست مضامین

احکام اجلاس کامل کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

۶ فروری ۱۸۹۰ء - آج استعفا محمد نادر شاہ خان صاحب [illegible] وائس پریزیڈنٹ بہادر بسبب امراض متعددہ کونسل مین پیش ہوا - چونکہ محمد نادر شاہ خان صاحب بوجہ علالت انجام [illegible] مفوضہ سرکار سے معذوری ظاہر کرتے ہین لہذا کونسل اونکو مجبور نہین کر سکتی استعفا اونکا منظور کیا جاتا ہے اور بجاے اونکے حسب ذیل انتظام عمل مین آتا ہے -

۱- محمد ظفر علیخان اسسٹنٹ ممبر بجائے محمد نادر شاہ خان اسسٹنٹ وائس پریزیڈنٹ مقرر کئے جاوین-

۲- لالہ مہر چند اسسٹنٹ جوڈیشل ممبر بجائے محمد ظفر علیخان اسسٹنٹ ممبر مال مقرر ہوں-

۳- قاضی رکن الدین اپیل اسسٹنٹ بجائے لالہ مہر چند اسسٹنٹ جوڈیشل ممبر مقرر ہوں- جملہ اسسٹنٹ ممبر صاحبان کا منصب واختیار کونسل کے تابع ہوگا اور جو احکام ممبران کونسل کے اجلاس سے دیئے جاوینگے انکی تعمیل ان پر فرض ہوگی-

۴- جملہ اسسٹنٹ صاحبان بدستور تنخواہین پاوینگے جو پہلے پاتے تھے-

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- منشی احمد حسن خان سابق رجسٹرار صدر کی پچاس روپیہ ماہوار پنشن تاریخ علیحدگی خدمت مفوضہ سے منظور ہوئی-

۵- فروری سنہ ۱۸۹۰ء- منشی ہر چرن سروپ سابق رکن محکمہ تعمیرات کے پنشن بیس روپیہ ماہوار منظور کی گئی-

۵- فروری سنہ ۱۸۹۰ء- بہادر دفتری محکمہ معتمدی کے دو روپیہ ماہوار پنشن تاریخ علیحدگی سے بوجہ پیرانہ سالی منظور کی گئی-

احکام وائس پریزیڈنٹ کونسل

رخصت

یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ء- رخصت بندرہ یوم چند بیرلال دفتر منتظم جیلخانہ کی بوضع تنخواہ منظور ہوئی-

تقرر

۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- حسب ذیل کا تقرر تحصیل شاہ آباد میں عمل میں آیا-

زین العابدین منصرم	بشاہرہ	۱۵ ماہوار
محمد حسین محرر	״	۸ ماہوار
کرامت شہ خان سپاہی	״	۴ ماہوار
عبد القادر خان سپاہی	״	۴ ماہوار

احکام جوڈیشل ممبر کونسل

رخصت

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- سید امداد علی ڈاکٹر دون کی رخصت یک ماہ منظور کی گئی-

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- محمود خان جوڈیشل اسسٹنٹ جیل کی بذمہ داری کمپونڈر رخصت ۱۵ یوم کی منظور ہوئی-

تقرر

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- شیو راج بہادر امیدوار- محرری جوڈیشل نائٹ پر بشاہرہ ۸ روپیہ ماہوار تین ماہ کے لئے امتحاناً مقرر کیا گیا-

۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء- عنایت حسین امیدوار اپیل شدہ محرر کی گنجی بشاہرہ ۸ روپیہ ماہوار در مسل کا ڈیپر ۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء سے مقرر کیا گیا-

اضافہ

حسب سفارش صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم حافظ مسعود احمد خان مدرس مدرسہ نگلیا کا ایک روپیہ اضافہ منظور کیا گیا۔

تبادلہ

۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء — جگن لعل اہلمد سررشتہ تعلیم بجائے اصغر علی اہلمد فوجداری اور اصغر علی بجائے جگن لعل تبدیل کیا گیا۔ جگن لعل کو دو روپیہ ماہوار صیغہ فوجداری کے جو ملتے تھے وہ اب تحصیل میں آئے۔

احکام ریونیو ممبر کونسل

تقرر

۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء — بابو برشاد امیدوار کا بشاہرہ ... روپیہ ماہوار زمین داکیوں کے سررشتہ و محلہ جات میں بعہدہ محرری تقرر عمل میں آیا۔

۴ فروری سنہ ۱۸۹۰ء — شرف حسین امیدوار بشاہرہ ... روپیہ ماہوار پیشدستی سید مہربان علی صاحب منتظم کارخانہ پیمائش مقرر کیا گیا۔

یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ء — پیارے لعل نائب مدرسہ ... پٹواریان شہر بطور قائم مقام مقرر کیا گیا۔

۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ء — محمد مہدی حسن بشاہرہ ... روپیہ ماہوار نائب مدرس دوم مدرسہ پٹواریان شہر مقرر کیا گیا۔

۴ فروری سنہ ۱۸۹۰ء — عنایت حسین امیدوار بجائے عوض بیگ محرر تہذیب محافظ خانہ مستعفی بشاہرہ پانچ روپیہ ماہوار عوضی مقرر کیا گیا۔

اضافہ

یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ء — پیارے لعل محرر آبپاشی کا ماہوار ایک روپیہ اضافہ عمل میں آیا۔

۴ فروری سنہ ۱۸۹۰ء — سخاوت حسین محرر سرسری تحصیل شاہ آباد کا ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

ایک نمونہ نقشہ تعمیل احکام مشتہر کیا جاتا ہے آیندہ تحصیلداران سے فرد کے مطابق نقشہ تعمیل احکام ماہوار آنا چاہیے کہ حالات تعمیل ماہوار کو واضح ہو تحصیلداران محال مطلع ہوں۔

ماہ ... سنہ ...

نمونہ نقشہ تعمیل احکام حضور ہر ماہ کو ... تحصیل ...

[illegible]	[illegible]	[illegible]	خلاصہ حکم	[illegible]	[illegible]	خلاصہ تعمیل	[illegible]	کیفیت

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدین خانصاحب بہادر وائس پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع تاریخ یکم فروری سنہ ۱۸۹۰ع

بمقدمہ

رہائی ملزمین ماخوذین پولیس

کوتوال شہر کے بیان سے معلوم ہوا کہ لوگ اسکے عادی ہوئے ہیں کہ جب کبھی انکا کوئی آشنا رشتہ دار یا متوسل کسی الزام میں گرفتار ہوتا ہے تو ناجائز طور پر اسکی رہائی یا اعانت چاہتے ہیں چونکہ سفارش بذریعہ پیام رہائی کیجاتی ہے اور کوتوال کو بمجبوری اونکی وقعت کو رعایت کرنا پڑتی ہے لیکن یہہ طریقہ سفارش ظاہر ہے خلاف اصول عدالت ہے اور ہر مہذب گورنمنٹ میں معیوب سمجھا گیا ہے اسلئے

حکم ہوا کہ

بذریعہ گزٹ مشتہر کیا جاوے کہ آئندہ ایسی سفارش کرنیوالا سرکاری ملزم قرار دیا جائیگا اور کوتوال ایسی سفارش کی کیفیت ہمیشہ ہم سے رپورٹ کیا کرینگے تاکہ ہم اوسکو باضابطہ عدالت میں چالان کرنیکا حکم دے سکیں مگر قبل اسکے کہ یہ حکم جاری ہو یہہ روبکار بغرض اطلاع بھیجا جاوے معزز معاصرین کے اظہار آرا کیلئے پیش کیا جاوے - دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

انسداد بابت سفارش بہت مشکل معلوم ہوتا ہے لیکن کچھ شک نہیں ہے کہ سرکاری ملازم کو سفارشی تحریرات یا سفارش زبانی بلا وجہ کسی تدبیر ناجائز سے [illegible]

نازیبا ہے لہذا صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کی رائے سے ہم اتفاق کرتے ہیں ۔ ۴ - فروری سنہ ۱۸۹۰ع شرح دستخط سید علی حسن

ہمکو بھی اتفاق ہے روبکار ہذا واپس مرسل ہو۔
المرقوم ۴ - فروری سنہ ۱۸۹۰ع شرح دستخط نواب یار جنگ

سررشتہ دار صدر درج گزٹ کرادیں - ۵ - فروری سنہ ۱۸۹۰ع
دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدین خانصاحب بہادر وائس پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع تاریخ ۳ ماہ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

ہمسے اور مہارث صاحب بہادر سے دربارہ پیمائش گفتگو ہوکر ضروری انتظام کے بابت میں جو طے پایا اوسکو ہم تحت میں درج کرتے ہیں

(۱) پونڈی سروئیر ونکو واسطے تحصیلداران پرگنہ جات [illegible] نہیں دیتے بنام تحصیلداران حکم جاری کیا جاوے کہ پونڈی سروئیر کو بھی اعانت ضروری دیا کرینگے

(۲) مہارث صاحب نے فہرست دیہات کا صدر قانونگوی کے پاس بھیجدیا ہے موافق اوسکے اردو ہندی انگریزی میں فہرست جلد تیار ہونا چاہئے بنام صدر قانونگوی تاکید ہونا چاہئے۔

(۳) منجملہ پٹواریان موجودہ مدرسہ پٹواریان کے سید مہر علی جنکو لائق پیمائش سمجھتے ہیں اونکی فہرست ہم وار بھیجدی [illegible] کو اطلاع دیجاوے۔

(۴) جو شہادتیں کسی عدالت میں طلب ہو تو اول اسکی درخواست اجلاس میں صاحب ممدوح کے بھیجی جاوے وہان سے بنام سید مہر بالفعلی حکم بقید تاریخ و مقام نسبت حاضری شہادتی بھیجا جائیگا اور اوس حکم کے مطابق سید مہر بالفعلی شہادتیں کو روانہ کرینگے اور اطلاع اسکی اسمارٹ صاحب کو بھی کرینگے وہ ایک رجسٹر میں حوالہ اسکا لکھ لینگے۔

(۵) جو شہادتیں اسمارٹ صاحب کے پاس حاضر ہیں بعد سماعت ۱۰ فروری تک ایک نقشہ اسمارٹ صاحب بناکر بھیجدینگے کہ فلان شہادتیں لائق رہائش ہیں اور جن شہادتوں کو کہا جائیگا باقی ماندہ حصے کو واپس کیے جاینگے۔

(۶) ایک نقل روبکار روزنامہ جنوری کے اسمارٹ صاحب کے پاس بھیجی جائے۔

حکم ہوا کہ

یہ روبکار معہ مثل متعلقہ یعنی روبکار جنوری موجودہ خدمت میں صاحب [illegible]

سید مہر بالفعلی و اسمارٹ صاحب بہادر نقول اس روبکار کے بھیجا دینگے اور تحصیلدار انکو نام احکام زرداد دینگے - اسمارٹ صاحب کے پاس نقل اس روبکار کی معہ نقل روبکار روزنامہ جنوری سنہ ۱۸۹۰ع جائیگی و دستخط صاحب ایجنٹ پریزیڈنٹ بہادر۔

سررشتہ دار صدر الحکم اسی موافق بنگرانی خود جاری کرادین اور روبکار ہذا معہ حکم ہذا گزٹ میں شائع ہووے۔

۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع دستخط صاحب پریزیڈنٹ بہادر۔

روبکار اجلاس جنرل محمد عظیم الدین خان صاحب بہادر وائس پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع تاریخ ۵ ماہ فروری سنہ ۱۸۹۰ع

بسبب محمد علیخان ساکن نگریہ پرگنہ ملک نے ۳ فروری سنہ ۱۸۹۰ع کو ایک عرضی ہمارے اجلاس میں بشکایت حبیب اللہ اردلی اس خلاصہ سے پیش کی کہ مقدمہ قدویان بابت ٹھیک نگریہ وغیرہ دائر تحصیل ہے - حبیب اللہ خان اردلی فریق ثانی کی بطمع نفسانی پیروکار ہے تین مرتبہ ایسے معاملہ میں تحصیل ملک کو جاچکا ہے - مقدمہ متدائرہ میں خلل انداز ہے اردلی کا باضابطہ جواب لیا گیا - نتیجہ تحقیقات سے جانا حبیب اللہ خان کا موضع نگریہ میں ثابت ہے - گو وہ اپنے کسی عزیز ہی کے مکان پر کیون نگیا ہو تاہم مرتبہ احتیاط سے بعید اور ہماری ناراضی کا باعث ہے - اسلئے کہ مقصود ہمارا یہ ہے کہ ہر ایک معاملہ بدرستی تحقیق ہو اور لا تفریط جو مقتضاء عدل ہے طے ہوتا ہے کہیں کسی مرتبہ میں کمی بیشی کو دخل نہو - پس ہمارے اہلکاران اجلاس یا اردلی وغیرہ اگر کسی محکمہ یا سررشتہ میں اپنے اعزا و احبا کی بابت میں سفارش یا ہمارے حوالے سے کوئی پیغام زبانی لیجاوین تو وہ محض ناجائز و کالعدم تصور کیا جاوے اور اگر حاکم متعلق ہمکو مطلع کرینگے تو ہم مشکور ہونگے بنابران حکم ہوا کہ روبکار ہذا پاس سررشتہ دار صدر بھیجکر لکھا جاوے کہ بغرض اطلاع جملہ محکمہ جات وغیرہ درج گزٹ کیا جاوے - اور اصل دفتر میں رہے - دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

روبکار کونسل ریجنسی ریاست رامپور باجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر ممبر صیغہ جوڈیشل واقع ۴ فروری سنہ ۱۹۰۱ء

[illegible]

عرائض جو اس اجلاس میں بمقدمات و وکلاء خود دیا عرائض نویسوں سے لکھا کر پیش کرتے ہیں وہ بابت طولانی عبارت غیر فضول و خارج از ذکر سے بھرے ہوتے ہیں جس سے نقص یہ ہے کہ سمجھنے میں وقت و تضییع اوقات ہوتی ہے۔ معتبر ممبر صاحب جوڈیشل ممبر بہادر نے اس نقص کے رفع کرنے کے لئے ایک نمونہ عرائض عرائض کا نہ صرف مرتب بلکہ بسنہ اسٹامپ اوسکے طبع کرانیکا خرچ بھی منظور اور طبع کرالیا ہے اسلئے

حکم ہوا کہ

آئندہ عرائض اس اجلاس میں بھی بجائے سادہ بنام اجلاس کے اوسی اسٹامپ پر پیش ہوا کریں پس پر نمونہ عرائض مطبوعہ وکلاء و عرائض نویس تعمیل بخوبی کریں اور مختار کاران اجلاس کوئی عرضی سادہ اسٹامپ پر آئندہ نہ لیا کریں اور اسکی بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ فقط

مشمولہ دستخط
نواب یار جنگ

روبکار اجلاس نواب نواب یار جنگ بہادر جوڈیشل ممبر ریجنسی کونسل رامپور واقع ۲۷ فروری سنہ ۱۹۰۱ء

جو اعلان بغرض اطلاع و ہدایت رعایا و مستاجران خریداران کہنہ سارسہ کاری قبل نیلام مطبوع و مشتہر ہوا تھا اوسکو بعد وقت نیلام شرائط ذیل بلحاظ شرائط قدیم حسب تجویز خریداران نیلام [illegible] مسٹر ایڈیشنل جوڈیشل ممبر منظور کیگئی تھیں اور اب تحصیلدار صاحب شاہ آباد کی رپورٹ سے معلوم ہوا کہ اونھیں شرائط کے متعلق باہم رعایا و مستاجران نزاع ہے اسلئے وہ شرائط بغرض اطلاع عام حسب ذیل مشتہر کئے جاتی ہیں۔

۱- وزن رس کا ڈیڑھ چھٹانک فی سیر ہوا کریگا [illegible]

۲- جس کاشتکار کی فی کولہو [illegible] من رس کم ہوگا اوسی ہر فیصدی کا کمی پر جرمانہ دینا ہوگا۔

۳- چونکہ جو کہنہ سارہ زمین موجود ہے وہ خریداران نیلام کی دیگر [illegible] اوسکے قیمت وصول کیجائیگی اور اگر کچھ سنہ ۱۹۰۱ء میں بچ رہیگا وہ کہنہ ساری کا حق ہوگا۔

حکم ہوا کہ

اصل روبکار شریک مثل متعلقہ ہو کر نقل مطبع سرکاری میں بغرض اندراج گزٹ مرسل ہو۔ فقط

مشمولہ دستخط
نواب یار جنگ

روبکار کونسل ریجنسی ریاست رامپور باجلاس
سید علی حسن خان صاحب بہادر ممبر صیغہ مال
واقع تاریخ ۵ فروری سنہ ۱۹۰۱ع

بافرض سرکاری –

حکم ہوا کہ

(۱) منشی الہ بخش نائب علاقہ دار اول بدستور اپنی تنخواہ پر جواب پاتا ہے نہر کوسی پر جہاں پہلے تہا واپس جائے –

(۲) عبد الحمید سابق نائب علاقہ دار اول کے تبادلہ بات پرسس میں منتقل کی گئی تہی چونکہ وہاں اوسکی جگہہ کا انتظام نہیں ہوا لہذا عبد الحمید اوسی تنخواہ سابقہ پر میاں جان خاں کے بجائے الہ بخش کام کرے – روبکار ہذا درج گزٹ ہو

۵ فروری سنہ ۱۹۰۱ع سراج احمد گرداور نہر کوسی کا استعفا منظور کیا گیا –

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲ لغایت ۹ فروری سنہ ۱۹۰۱ع

نام تحصیل	پیدائش مرد ہندو	پیدائش مرد مسلمان	پیدائش عورت ہندو	پیدائش عورت مسلمان	میزان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل مذہب مسلمان	اموات ۱ – ۵ مرد	۱ – ۵ عورت	۶ و ۱۲ مرد	۶ و ۱۲ عورت	۱۳ و زیادہ مرد	۱۳ و زیادہ عورت	میزان مجموعہ مرد	میزان مجموعہ عورت	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل مذہب مسلمان	کیفیت
حضور	۵	۵	۱۰	۳	۳۰	۲۲	۸	۵	۴	۰	۱	۸	۴	۱۳	۹	۱۱	۱۰	
شاہ آباد	۱۸	۴	۱۹	۱۳	۵۴	۴۷	۱۵	۱	۱	۰	۱	۳	۴	۴	۶	۹	۱	
ملک	۱۹	۳	۲۴	۳	۴۴	۳۸	۶	۶	۴	۳	۴	۶	۲	۱۱	۱۲	۲۱	۲	
سوار	۵	۶	۶	۹	۲۱	۶	۱۵	۱	۱	۰	۱	۲	۲	۳	۴	۴	۳	
ٹانڈہ	۳۴	۶	۴	۲	۱۴	۶	۸	۰	۰	۱	۰	۱	۰	۳	۰	۰	۲	
بلاسپور	۰	–	–	۰	–	–	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰		
میزان	۵۱	۲۵	۵۸	۲۹	۱۲۳	۱۰۵	۵۲	۹	۱۰	۳	۹	۲۱	۱۲	۳۳	۳۱	۲۵	۱۹	